نیشنل کرکٹ اکیڈمی کا 2024 میں کھلاڑیوں کے بحالی کے پروگرام میں فعال کردار

لاہور 31 دسمبر، 2024ء:

نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور گزشتہ 20 برسوں سے ملک میں مرد اور خواتین کرکٹرز کی ترقی، نمو اور مہارت بڑھانے میں اہم کردار ادا کررہی ہے۔

نیشنل کرکٹ اکیڈمی نے مختلف قومی اور ڈومیسٹک کھلاڑیوں کو کامیاب بحالی (ری ہبلیٹیشن) پروگرام بھی پیش کیا۔ پی سی بی کے میڈیکل پینل نے این سی اے کے کوچز کے ساتھ مل کر کھلاڑیوں کی انجریز پر قابو پانے اور تیز مہارتوں کے ساتھ مسابقتی کرکٹ میں واپس آنے اور مضبوط فٹنس کے معیار کو حاصل کرنے میں مدد کی۔

سال 2024 میں متعدد کھلاڑی عالمی معیار کی سہولیات سے مستفید ہوئے ہیں۔

پاکستانی کھلاڑیوں میں ارشد اقبال، ڈیانا بیگ، احسان اللہ، خرم شہزاد، محمد وسیم جونیئر، نسیم شاہ، نعمان علی، شاہنواز دھانی، شوال ذوالفقار، سفیان مقیم اور طیب طاہر نے بحالی کے کامیاب پروگراموں کے ساتھ ساتھ مہارتوں پر وسیع کام کیا اور ان میں سے بیشتر کھلاڑی 2024 میں کرکٹ مقابلوں میں واپس آئے ہیں۔

دیگر کھلاڑیوں میں ابوبکر، احمد حسین، اطہر محمود، حنین شاہ، محمد ذیشان اور ذیشان ضمیر شامل ہیں۔

شاہد انور ہیڈ کوچ نیشنل کرکٹ اکیڈمی کا کہنا ہے کہ مجھے یہ بتاتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ 2024 میں نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں دیگر روزمرہ کے اسائنمنٹس کے علاوہ، ہم بہت سے باصلاحیت کھلاڑیوں کے ساتھ کام کر رہے ہیں تاکہ ان کی انجریز دور کرنے مدد کی جاسکے اور مہارت میں اضافے کے ساتھ ساتھ مکمل بحالی کے کام سے گزر سکیں۔ جب بھی کوئی زخمی کھلاڑی این سی اے میں رپورٹ کرتا ہے تو میڈیکل پینل این سی اے کے کوچز کے ساتھ رابطہ کرتا ہے تاکہ ایک مکمل بحالی کا منصوبہ بنایا جاسکے جس کے بعد مجموعی طور پر فٹنس اور مہارت میں بہتری اور اپ گریڈیشن کی جاتی ہے۔ اس میں کھلاڑیوں کے کریئر کے ان نازک مراحل کو سنبھالنے میں بہت زیادہ نگہداشت، صبر، منصوبہ بندی اور مناسب مستعدی شامل ہے۔ میں میڈیکل پینل، کوچز اور معاون عملے کی تعریف کرنا چاہوں گا جنہوں نے کھلاڑیوں کے لیے بحالی کے منصوبے بنائے ہیں جو ان کی بہترین کارکردگی پر واپس آنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں

-ENDS-

Media contact:

Media, Communications and Digital Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial